16/11/2025

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ فیروز گانی سے خبریں سُنئے

نوگام دھماکہ

نوگام پولیس سٹیشن میں پیش آئے حادثاتی دھماکے کی وجوہات کی چھان بین شروع کی گئی ہے۔ اس بات کی جانکاریمحکمہ امور داخلہ کے جوائنٹ سیکریٹری جمونو کشمیر ڈویژن پرشانت لوکھنڈے نے نئی دلی میں کل میڈیا کو دی۔ انہوننے اس دھماکے کو حادثاتی بتاتے ہوئے کہا کہ اس سے جڑی کوئی بھی دیگر قیاس آرائی غیر ضروری ہے۔ یہ خبر پہلے ہی دی جا چکی ہے کہ اس حادثاتی دھماکے میں9لوگ اپنی جان گنوا بیٹھے جبکہ32دیگر لوگ زخمی ہوئے ہیں۔

سکینہ ایتو

دریں اثناءجمونو کشمیر سرکار نے اس حادثاتی دھماکے میں مارے گئے افراد کے حق میںدس دس لاکھ روپے اور زخمی اشخاص کے حق میں فی کس ایک لاکھ روپے بطور ایکسگریشا دینے کا اعلان کیا ہے۔

یہ اعلان وزیر صحت سکینہ ایتو نے کل کولگام ضلع کے چانسر گاؤں کے دورے کے دوران وہاں اس حادثے میں جان بحق ہوئے اشد احمد شاہ نامی شخص کے اہل خانہ کی تعزیت پُرسی کے دوران کیا۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے سکینہ ایتو نے کہا۔

-----------

درخشانتعزیت

جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پر سن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے نو گام حادثاتی دھماکے میں انسانی جانوں کے اطلاف پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوننے اس حادثے میں مارے گئے افراد کے لواحقین کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے اور زخمیو ں کی جلد شفایابی کےلئے دعا کی ہے۔

LGمیٹنگ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سرینگر کے راج بھون میں کل سیول و پولیس انتظامیہ کے ساتھ ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کی۔ اس میٹنگ میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو، DGP نلین پربھات اور ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ کے علاوہ کئی دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔

LGملاقات

جے اینڈ کے بھارت سکاوٹس اینڈ گائیڈس کے ایک وفد نے راج بھون میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔

وفد نے بھارت سکاوٹس اینڈ گائیڈس کے75ویں یوم قیام کو منانے کے ایک حصے کے طور پر لیفٹنٹ گورنر کو سٹیکر فلیگ پیش کیا۔

وفد میں بھارت سکاوٹس اینڈ گائیڈس کے سپیشل پروگرام کےلئے نیشنل کمشنر ہیڈ کواٹرس وِنگ جوشی، سیکریٹری نصرین خان اور جے اینڈ کے کمشنر رینجر ڈاکٹر رینو نندا شامل MMکمانڈر تھیں۔

حادثہ

بڈگام ضلعے میں سڑک کے ایک دلدوز حادثے میں4لوگ مارے گئے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق یہ حادثہ ضلع کے وتر ونی علاقے میں رِنگ روڈ پر کل دیر رات اُس وقت پیش آیا جب ایک ڈیمپر ٹرک اور ایک سومو گاڑی آپس میں ٹکرائے۔ حادثے میں کچھ افراد کے زخمی ہونے کی بھی خبر ہے۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس دلخراش حادثے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوننے انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ وہ اس حادثے میں زخمی ہوئے افراد کو ہر ممکن مدد فراہم کرے اور انکے لئے فوری اور بہتر طبی نگداشت کی خدمات یقینی بنائیں۔

گیمز

جموں کشمیر میں 69ویں نیشنل اسکول گیمز کے مختلف کھیلوں کے کامیاب انعقاد کے بعد اب انڈور سپورٹس کمپلیکس جمونمیں انڈر19 گرلززمرے کے ٹائیکوانڈو کھیل مقابلوں کا آغاز ہو گیا ہے۔

اس بارے میں ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس کی ڈائریکٹر جنرل انو راھا گپتا نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

........................

شرما اور Radhika کل کھیلے گئے مقابلوں میں63کلو گرام زمرے مینکیندریا ودھیالیہ سنگٹھن کی نے سونے کے میڈل جیتے-68 Siddhi Atul Bendaleکلو گرام زمرے مینمہاراشٹر کی

پریس ڈے

آج پریس کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن ہر سال16نومبر کو منایا جاتا ہے اور اس کا مقصد آزاد اور ذمہ دار پریس کے رول کو اُجاگر کرنا ہے۔

یہ دن دن پریس کونسل آف انڈیا کے قیام کی یاد میں منایا جاتا ہے جس نے1966میں آج ہی کے دن اپنا کام کاج شروع کیا تھا۔ اس سال اس دن کا موضوع ہے" بڑھتی ہوئی غلط جانکاری کے بیچ پریس کی اعتباریت کو تحفظ فراہم کرنے پر توجہ دینا "۔

ٹالرنس ڈے

آج ہی انٹرنیشنل ڈے آف ٹالرنس اینڈ پیس بھی منایا جا رہا ہے۔ رواداری کو بڑھاوا دینے کےلئے1995میں یونسکو اور اقوام متحدہ نے اس دن کو منانے کا فیصلہ کیا تھا۔

اس دن کا مقصد رواداری اور امن کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔

GST

اصلاحات سے بنیادی سطح پر لوگ مستفید ہو رہے ہیں - GST جموں کشمیر میں

ان اصلاحات سے مجموعی طور پرروز مرہ کی زندگی میں استعمال ہونے والی متعدد چیزوناور حیات بخش ادویات کی قیمتوں میں بھی کمی واقع ہوئی ہے۔

-------------

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی1اعشاریہ 6ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9 اعشاریہ 8 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

........................

............

.......